یو بی ایل ڈرائیو کے لیے عمومی سوالات

یو بی ایل ڈرائیو لون کون حاصل کر سکتا ہے؟

- قابلِ استعمال CNICرکھنے والے پاکستانی شہری
- کسی بھی بینک کے اکاؤنٹ ہولڈر

یو بی ایل ڈرائیو کے لیے کم از کم اور زیادہ سے زیادہ فنانسنگ لمٹ کتنی ہے؟

کم از کم 200,000روپے اور زیادہ سے زیادہ 3,000,000 روپے کی فنانسنگ حاصل کی جا سکتی ہے۔

لون کی مدت کتنی ہے؟

کم از کم 1سال اور زیادہ سے زیادہ 5سال۔

شروع میں کتنی ڈاؤن پیمنٹ ادا کرنی ہو گی؟

گاڑی کی قیمت کا % 30

پہلی قسط میں کیا کچھ شامل ہے؟

گاڑی کی قیمت کا 30 فیصد۔ 12,000روپے کی پراسیسنگ فیس اور پہلے سال کی انشورنس فیس۔

اقساط ادا کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

بینک کو ڈائریکٹ ڈیبٹ کے اتھارٹی لیٹر، کیش پیمنٹ، آن لائن پیمنٹ یا ATM کے ذریعے قسط ادا کی جا سکتی ہے۔

کیا مدت ختم ہونے سے پہلے لون واپس کیا جا سکتا ہے؟

جی ہاں۔ لیکن قبل ازوقت سیٹلمنٹ کے لیے جرمانہ ادا کرنا ہو گا۔

استعمال شدہ گاڑی کی قیمت کا تعین کون کرے گا؟

یو بی ایل کی منظور شدہ معائنہ کمپنیاں گاڑی کا معائنہ کر کے اس کی قیمت کا تعین کریں گی۔

میری گاڑی کی انشورنس کون کرے گا؟

یو بی ایل کے ساتھ مختلف انشورنس کمپنیاں منسلک ہیں جو یو بی ایل کے کسٹمرز کو خصوصی ریٹ آفر کرتی ہیں۔

لون کے لیے سکیورٹی کیا ہے؟

گاڑی ہی لون کی سکیورٹی ہے جسے موٹر وہیکل رجسٹریشن اتھارٹی کے تحت یو بی ایل کے نام رکھی جائے گی۔